# عربی زبان

میں

(ایک سالہ سرٹیفکیٹ کورس)

# دستور العمل

## برائے فاصلاتی کورس

One Year Certificate Course in

# ARABIC LANGUAGE

(منهج اللغة العربية للمبتدئين لسنة واحدة)

**2024**

*Under Distance Education Programme*

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، نئی دہلی

## قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان کی چند مطبوعات

نوٹ: طلبہ واساتذہ کے لیے خصوصی رعایت، تاجران کتب کو حسب ضوابط کمیشن دیا جائے گا

### اللغة العربية الوظيفية (١.٢)



شفيق أحمد خان الندوي
فرحانه طيب صديقي
حبيب الله خان
الوحدة ١
الوحدة ٢
قیمت : -/128

### اللغة العربية الوظيفية (٣.٤)



شفيق أحمد خان الندوي
فرحانه طيب صديقي
حبيب الله خان
الوحدة ٣
الوحدة ٤
قیمت : -/125

### اللغة العربية الوظيفية (٥.٦)



شفيق أحمد خان الندوي
حبيب الله خان
نسيم أختر الندوي
الوحدة ٥
الوحدة ٦
قیمت : -/252

### اللغة العربية الوظيفية (٧.٨)



شفيق أحمد خان الندوي
حبيب الله خان
نسيم أختر الندوي
الوحدة ٧
الوحدة ٨
قیمت : -/195

### عربی ادب کی تاریخ (جلد دوم)



مصنف : عبدالحلیم ندوی
صفحات : 404
قیمت : -/130 روپے

### عربی ادب کی تاریخ (جلد سوم)



مصنف : عبدالحلیم ندوی
صفحات : 716
قیمت : -/178 روپے

राष्ट्रीय उर्दू भाषा विकास परिषद
قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان
National Council For Promotion of Urdu Language
Ministry of Education, Department of Higher Education, Govt. of India
Farogh-e-Urdu Bhawan, FC-33/9, Institutional Area, Jasola, New Delhi-110025
Ph.: (011) 49539000 Fax: (011) 49539099
E-mail: ncpularabicsection@gmail.com Website: www.urducouncil.nic.in

# عربی زبان

میں

(ایك ساله سرٹیفکیٹ کورس)

# دستور العمل

برائے فلاصلاتی کورس

**2024**

One Year Certificate Course in

## ARABIC LANGUAGE

(منهج اللّغة العربية للمبتدئين لسنة واحدة)

*Under Distance Education Programme*

قومی کونسل برائے فروغِ اردو زبان، نئی دہلی

© National Council for Promotion of Urdu Language
New Delhi

**2024**

राष्ट्रीय उर्दू भाषा विकास परिषद्

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان

National Council for Promotion of Urdu Language

**Distance Education Cell**
**National Council for Promotion of Urdu Language**
Ministry of Education, Department of Higher Education, Govt. of India
Farogh-e-Urdu Bhawan, FC-33/9, Institutional Area,
Jasola, New Delhi-110025
Tel.: No. 011-49539000 Fax: 011-49539099
E-mail : ncpularabicsection@gmail.com
Website: www.urducouncil.nic.in

# فہرست


| | | |
|---|---|---|
| (1) | قومی اردو کونسل : ایک تعارف | 3 |
| (2) | فنکشنل عربی کورس کی ضرورت، اہمیت و افادیت | 3 |
| (3) | کورس کی تفصیلات | 4 |
| (4) | اہلیت و استحقاقِ داخلہ | 5 |
| (5) | نظام التقدیر | 5 |
| (6) | رجسٹریشن فیس | 6 |
| (7) | کونسل سے براہِ راست رجسٹریشن | 6 |
| (8) | ذریعۂ تعلیم | 7 |
| (9) | کنٹیکٹ کلاس | 7 |
| (10) | درسی کتب اور اختبارات ارسال کرنے کی تفصیلات | 8 |
| (11) | نصاب | 9 |




## قومی اردو کونسل : ایک تعارف

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، وزارتِ ترقی انسانی وسائل، محکمۂ اعلیٰ تعلیم، حکومتِ ہند کے تحت ایک خود مختار ادارہ ہے جو 1994 میں قائم کیا گیا اور یکم اپریل 1996 سے مستقل طور پر کام کر رہا ہے۔ کونسل کا قیام مندرجہ ذیل مقاصد کے تحت عمل میں آیا ہے:

1۔ اردو زبان کا فروغ، اس کی ترقی اور اشاعت۔

2۔ جدید سائنسی اور تکنیکی علوم نیز جدید تناظر میں نشوونما پانے والے تصورات و نظریات کو اردو زبان میں دستیاب کرنے کے لیے ضروری اقدام کرنا۔

3۔ اردو زبان اور تعلیم کے فروغ سے متعلق حکومتِ ہند کو صلاح و مشورہ دینا۔

4۔ اردو زبان کے فروغ سے متعلق ایسی دوسری سرگرمیوں میں حصہ لینا جو کونسل کے ضابطے کے مطابق ہوں۔

## عربی کورس کی ضرورت، اہمیت اور افادیت

قومی اردو کونسل اردو زبان کے علاوہ عربی و فارسی زبانوں کے فروغ کے لیے بھی کوشاں ہے کیونکہ یہ دونوں زبانیں اردو زبان کی اعلیٰ مہارت کے لیے ناگزیر ہیں۔ کونسل عربی و فارسی زبانوں کے فروغ اور اس کی تقویت کے لیے کام کرنے والے رجسٹرڈ مدرسوں، اداروں اور تنظیموں کو مالی امداد فراہم کرتی ہے۔ ایک عرصے سے ماہرینِ تعلیم اور دانشوروں کے حلقے نیز خود عربی زبان کے طلبا/طالبات یہ محسوس کر رہے تھے کہ مدرسے میں 5 سال سے لے کر 12 سال تک کی تعلیم حاصل کرنے کے

بعد بھی طلبا وطالبات عربی میں روز مرہ استعمال میں آنے والے الفاظ وتعبیرات کے استعمال پر پوری طرح قادر نہیں ہو پاتے جس کی ضرورت عصر حاضر کے بدلتے ہوئے ٹیکنالوجیکل نظام کے منظر نامے میں اظہر من الشمس ہے۔

لہٰذا قومی اردو کونسل نے عربی اساتذہ سے صلاح و مشورہ کے بعد نئے تقاضوں کے مطابق دو سالہ عربی ڈپلوما کورس 2002 میں فاصلاتی نظامِ تعلیم کے تحت شروع کیا۔

اس کورس کی ادبی حلقوں اور خصوصی طور پر مدرسوں کے طالب علموں کے درمیان خاطر خواہ پذیرائی ہوئی۔ اسی کے ساتھ ساتھ ادبی حلقوں سے ایک سرٹیفکیٹ کورس شروع کرنے کی بھی مانگ ہونے لگی تاکہ ابتدا سے عربی سیکھنے والے بھی مستفیض ہوسکیں۔ لہٰذا کونسل نے ایک نئے نصاب کے تحت' ایک سالہ سرٹیفکیٹ کورس اِن عربک لینگویج' کورس فاصلاتی نظامِ تعلیم کی بنیاد پر تیار کیا ہے جس میں متن کی تیاری مکالمے (Dialogues) کے انداز میں کی گئی ہے اور مشق و ممارست کے لیے تدریبات بھی دی گئی ہیں۔

## کورس کی تفصیلات

یہ ایک سالہ کورس چار اکائیوں (Four Modules) میں منقسم ہے۔ ان اکائیوں میں مجموعی طور پر چالیس اسباق ہیں۔ ہر یونٹ/اکائی میں 10 اسباق اور ان اسباق پر مبنی تدریبات ہیں۔ متعلقہ اکائیوں کے اسباق و تدریبات پر مبنی دو اختبارات کونسل کی طرف سے کونسل کے عربی اسٹڈی سینٹر کو ارسال کی جائیں گی۔ طالب علم ہر چھ ماہ کے بعد اختبارات حل اور مکمل کر کے اپنے عربی اسٹڈی سینٹر (Arabic Study Centre) میں جمع کریں گے۔



اختبارات کی کارگزاری کی بنیاد پر فیل ہونے والے طالب علم دوسرے سال اختبارات کو حل اور مکمل کر کے کامیاب ہوسکتے ہیں۔ اس کے علاوہ سال کے اختتام پر ایک پرچہ پر مشتمل فائنل امتحان بھی کونسل کے منظور شدہ عربی اسٹڈی سینٹر میں لیا جائے گا۔ اختبارات کے علاوہ فائنل امتحان میں کامیابی کے بعد ہی کونسل "Certificate in Arabic Language" کا سرٹیفکیٹ دے گی۔

## اہلیت و استحقاقِ داخلہ

اردو کی ابتدائی تعلیم مع قواعد، اس کے علاوہ اردو لکھنے اور سمجھنے کی صلاحیت بھی لازمی ہے۔ عمر کی کوئی قید نہیں ہے۔

### نظام التقدیر (Grading System)

| التقدیر (English) | | |
|---|---|---|
| نسبة مئوية | الإنكليزيه(English) | العربية(Arabic) |
| 75% & Above | Outstanding = O | م=ممتاز |
| 60% to 74% | 1st = A | أ=جيد جدا |
| 50% to 59% | 2nd = B | ب=جيد |
| 40% to 49% | 3rd = C | ج=مقبول |
| 39% or Less | Failed = D | د=غير مقبول / راسب |

40 فیصد سے کم نمبر لانے والے طالب علم کو ناکام/فیل قرار دیا جائے گا لیکن فیل ہونے والے طالب علم کو دوسرے سال کے متعینہ وقت میں پھر سے اپنے اختبارات حل کرنے کا موقع دیا جائے گا۔ مثال کے طور پر پہلی ششماہی کے اختبارات/ٹیسٹ میں

فیل ہونے والے طالب علم دوسرے سال اپنے اختیارات پھر سے پُر کر کے جمع کر سکتے ہیں۔ اس کے لیے انھیں دوبارہ عربی اسٹڈی سینٹر میں درخواست دینی ہوتی۔ کسی بھی ششماہی میں فیل ہونے والے طالب علم کو یہی عمل دہرانا پڑے گا۔ سال کے اختتام پر ایک پرچہ پر مشتمل فائنل امتحان بھی کونسل کے عربی اسٹڈی سینٹر میں لیا جائے گا۔ پورے عمل کے بعد ہی مجموعی رزلٹ / سرٹیفکیٹ دیا جائے گا۔

## تحریری امتحان میں دوبارہ شامل ہونا

جو طالب علم آخری تحریری امتحان میں فیل ہو چکے ہوں اور وہ دوبارہ تحریری امتحان دینے کے خواہشمند ہوں انھیں -/100 روپے کا ڈیمانڈ ڈرافٹ کونسل کو دینا ہوگا۔

## سرٹیفکیٹ اصلاح کی فیس

کونسل کے ذریعے جاری کردہ سرٹیفکیٹ میں کسی نوع کی اصلاح یا ڈپلیکیٹ سرٹیفکیٹ جاری کرنے کے لیے -/100 روپے کا ڈیمانڈ ڈرافٹ کونسل کو دینا ہوگا۔

## رجسٹریشن فیس

رجسٹریشن فیس -/200 روپے فی طالب علم ہے۔ اس کے علاوہ کوئی فیس نہیں ہے۔ کتابیں مفت دی جائے گی۔ طالب علم رجسٹریشن فیس بہ شکل ڈرافٹ یا نقد کونسل کے منظور شدہ عربی اسٹڈی سینٹر میں جمع کر کے داخلہ / رجسٹریشن فارم حاصل کریں گے۔ عربی اسٹڈی سینٹر کے انچارج طالب علموں کی فیس کا مجموعی ڈرافٹ "NCPUL, New Delhi" کے نام بنا کر رجسٹریشن / داخلہ فارم کے ساتھ بذریعہ رجسٹرڈ پوسٹ کونسل کو ارسال کریں گے۔ ڈرافٹ کی پشت پر مدرسہ / ادارہ / عربی اسٹڈی سینٹر کا نام و پتہ اور کورس کا نام 'One Year Certificate Course in Arabic Language' لکھنا ضروری ہے۔

## کونسل سے براہ راست رجسٹریشن

کونسل سے براہِ راست عربی سرٹیفکیٹ کورس کرنے والے طالب علم (Direct Learner) کے لئے رجسٹریشن فیس -/500 روپے ہے۔ فیس ڈیمانڈ ڈرافٹ کی صورت



میں "NCPUL, New Delhi" کے نام بنا کر بذریعہ رجسٹرڈ پوسٹ کونسل کو ارسال کریں گے۔ ڈرافٹ کی پشت پر طالب علم اپنا اور کورس کا نام 'One Year Certificate Course in Arabic Language' ضرور لکھیں۔ طالب علم کو کونسل سے کورس کی کتابیں براہ راست ارسال کی جائیں گی۔

براہِ راست کورس کرنے والے طالب علم کو داخلہ فارم میں دیے گئے خانے میں فائنل امتحان میں بیٹھنے کے لیے کونسل سے منظور شدہ اپنے نزدیکی عربی اسٹڈی سینٹر (Arabic Study Centre) کا نام و مکمل پتہ لکھنا ضروری ہے۔

**نوٹ:** کونسل کی طرف سے کلاس کی سہولت نہیں ہوگی۔

## ذریعۂ تعلیم

کورس کے ہر یونٹ (Module) کے اسباق خالص عربی میں ہیں لیکن مشقی سوالات و تمرینات عربی اور ضرورت کے مطابق اردو میں بھی ہیں۔ یہ کورس فاصلاتی ہے تا کہ اردو داں طالب علم بذات خود مطالعہ کر کے روزمرہ کی عربی زبان سیکھ سکیں۔ اس سے ان میں عربی زبان میں روزمرہ بول چال کی صلاحیت کے ساتھ ساتھ تحریری صلاحیت بھی پیدا ہوگی۔

## کنٹیکٹ کلاس

کونسل کے عربی اسٹڈی سینٹر میں کل 144 کلاسیں عربی بول چال میں مہارت پیدا کرنے کی غرض سے ہوں گی۔ عربی زبان سیکھنے اور بول چال کی صلاحیت پیدا کرنے کے لیے یہ ضروری ہے کہ کلاس میں با قاعدہ حاضری ہو۔ یہ طالب علموں کی بہتری کے لیے ضروری ہے۔

## درسی کتب اور اختبارات ارسال کرنے کی تفصیلات

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| رجسٹریشن کی تاریخ | پرنسپل کی طرف سے کتاب اور اختبارات مع جوابی لفافہ کے ارسال کرنے کی تاریخ | یونٹ 1 اور 2 پر مشتمل طلبا/ طالبات کے جانچ کئے ہوئے اختبارات کی بنیاد پر رزلٹ پرنسپل تک پہنچنے کی تاریخ | یونٹ 3 اور 4 پر مشتمل طلبا/ طالبات کے جانچ کئے ہوئے اختبارات کی بنیاد پر رزلٹ پرنسپل تک پہنچنے کی تاریخ | ایک پرچہ پر مشتمل کل امتحان کی تاریخ |
| یکم جنوری تا 28 فروری | 15 تا 25 / مارچ | 15/ نومبر | 15/ مارچ | اپریل |



# نصاب

## مقرر اللغة العربية للمبتدئين

## (Syllabus of Arabic Certificate Course)

| | |
|---|---|
| ☐ UNIT:1 | ☐ اکائی۔ ۱ |
| 1. The Alphabet | ۱۔ الدرس الأول: حروف تهجّى |
| 2. Demonstrative Pronouns, Particles of Interrogation | ۲۔ الدرس الثاني: اسماء اشاره، حروف استفهام |
| 3. Personal Pronouns, Particles of Interrogation | ۳۔ الدرس الثالث: ضمائر، حروف استفهام |
| 4. Definite Noun (with "al") | ۴۔ الدرس الرابع: معرب باللّام |
| 5. The Preposition, Particles of Interrogation | ۵۔ الدرس الخامس: حروف جر، حرف استفهام |
| 6. The Adjectival Phrase | ۶۔ الدرس السادس: تركيب توصيفی |
| 7. The Particle of Interrogation | ۷۔ الدرس السابع: حروف استفهام، تركيب اضافی |

| | |
|---|---|
| 8. The Genitive Phrase | ۸۔ الدرس الثامن: (ا) ترکیب اضافی (۲) ضمیر کی طرف اضافت |
| 9. Genitive Phrase Adverbs | ۹۔ الدرس التاسع: اسماء ظرف، ترکیب اضافی، اسم کی اضافت ضمیر کی طرف |
| 10. Usage of "عند" with Personal Pronouns | ۱۰۔ الدرس العاشر: "عند" کی اضافت ضمیر کی طرف |

☐ UNIT:2 — ☐ اکائی۔ ۲

| | |
|---|---|
| 11. The Verbal Sentence, Intransitive Past Tense, Verb | ۱۱۔ الدرس الحادي عشر: جملہ "فعلیہ" فعل ماضی لازم کا استعمال |
| 12. Past Tense, Transitive Verb, Affirmative and Negative | ۱۲۔ الدرس الثاني عشر: فعل ماضی متعدی مثبت اور منفی |
| 13. Past Tense, Active Voice, Passive Voice | ۱۳۔ الدرس الثالث عشر: فعل ماضی معروف و مجهول، مهموز و معتل |
| 14. Present Tense Intransitive, Active Voice | ۱۴۔ الدرس الرابع عشر: فعل مضارع لازم معروف کا استعمال |
| 15. Present Tense, Passive Voice | ۱۵۔ الدرس الخامس عشر: فعل مضارع مجهول کا استعمال |
| 16. Present Tense, Weak Verb | ۱۶۔ الدرس السادس عشر: فعل مضارع معتل |
| 17. Present Tense Negative, Healthy and Weak Verb | ۱۷۔ الدرس السابع عشر: فعل مضارع منفی صحیح و معتل |



| | |
|---|---|
| 18. Object of Past Tense as Indefinite, Definite, Adjective and Genitive | ۱۸۔ الدرس الثامن عشر: فعل ماضی کے ساتھ مفعول به نکرہ و معرفہ، صفت اور مضاف کی حالت میں استعمال |
| 19. Object of Present Tense | ۱۹۔ الدرس التاسع عشر: فعل مضارع کے ساتھ مفعول به کا استعمال |
| 20. Imperative Verb | ۲۰۔ الدرس العشرون: فعل امر |

☐ UNIT:3 — ☐ اکائی۔ ۳

| | |
|---|---|
| 21. Negative Imperative Verb | ۲۱۔ الدرس الحادي و العشرون: فعل نهی |
| 22. Personal Pronoun | ۲۲۔ الدرس الثاني و العشرون: ضمیر عائد |
| 23. Number | ۲۳۔ الدرس الثالث و العشرون: عدد و معدود |
| 24. Ordinal Number | ۲۴۔ الدرس الرابع و العشرون: عدد وصفی |
| 25. The Adverb of Time | ۲۵۔ الدرس الخامس و العشرون: ظرفِ زمان |
| 26. The Dual Noun | ۲۶۔ الدرس السادس و العشرون: تثنیه |
| 27. The Sound Masculine Plural | ۲۷۔ الدرس السابع و العشرون: جمع مذکر سالم |
| 28. The Sound Feminine Plural | ۲۸۔ الدرس الثامن و العشرون: جمع مؤنث سالم |

| | |
|---|---|
| 29. The Broken Plural | ۲۹۔ الدرس التاسع و العشرون: جمع مکسر |
| 30. Noun of Preference Comparision | ۳۰۔ الدرس الثلاثون: اسم تفضیل |
| ☐ **UNIT:4** | ☐ **اکائی ۔ ۴** |
| 31. The Incomplete Verbs | ۳۱۔ الدرس الواحد و الثلاثون: الافعال الناقصة |
| 32. Particles Governing jussive (Present Tense) | ۳۲۔ الدرس الثاني و الثلاثون: جوازم الفعل المضارع |
| 33. Particles Governing the Subjunctive (Present Tense) | ۳۳۔ الدرس الثالث و الثلاثون: نواصب الفعل المضارع |
| 34. Particles Resembling the Verb | ۳۴۔ الدرس الرابع و الثلاثون: الحروف المشبه بالفعل |
| 35. Relative Pronouns | ۳۵۔ الدرس الخامس و الثلاثون: الاسماء الموصولة |
| 36. Particles of Condition | ۳۶۔ الدرس السادس و الثلاثون: ادواتِ شرط |
| 37. Adverb | ۳۷۔ الدرس السابع و الثلاثون: حال پر مبنی |
| 38. Exception | ۳۸۔ الدرس الثامن و الثلاثون: مستثنی |
| 39. Vocative Particles | ۳۹۔ الدرس التاسع و الثلاثون: منادیٰ |
| 40. The Diptote and Five Nouns | ۴۰۔ الدرس الأربعون: الممنوع من الصرف اور الاسماء الخمسة |

☆☆☆